Seat No. : _______________

# SC-129

**September-2020**

**M.A., Sem.-IV**

**Urdu Core – 509 EA : (Urdu Tehrikein)**

**(New Course)**

**Time : 2 Hours]** **[Max. Marks : 50**

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اوّل میں کل آٹھ سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصہ دوّم میں کل سولہ (۱۶) معروضی سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

**(حصہ اوّل)**

سوال : ۱ ادبی تحریک کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اسکی ماہیت، معنویت اور اہمیت بیان کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۲ ادبی تحریکات و رُجحانات کی اہمیت اور افادیت واضح کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۳ جدیدیت کیا ہے؟ اس کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس تحریک کے اسباب اور مقاصد پیش کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۴ "تحریک انجمن پنجاب" کے آغاز اور اس کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔ ۱۴

سوال : ۵ "علی گڑھ تحریک" کے اغراض و مقاصد کا احاطہ کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۶ ترقی پسند تحریک کا آغاز اور اغراض و مقاصد پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۷ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) تحریک اور رجحان میں فرق

(۲) تحریک حلقۂ ارباب ذوق

سوال: ۸ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) رومانیت کی تحریک

(۲) اصلاحِ زبان کی تحریک

## (حصۂ دوّم)

سوال : ۹ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) ''انجمن پنجاب'' کا قیام کس کی کوششوں کا نتیجہ تھا؟

(۲) ''تحیر کی نشاۃ الثانیہ'' کسے کہا گیا ہے؟

(۳) کسی بھی تحریک کے آغاز کی تمہید کے طور پر کیا شروع ہوتا ہے؟

(۴) ''جدیدیت'' کو ''قدامت'' کی ضد کس نے قرار دیا؟

(۵) ''ترقی پسند تحریک'' کا ابتدائی نام کیا ہے؟

(۶) انسانی ذات میں یا اجتماعی بہبود و نمود کے فلسفے پر ''اکتسابِ مسرت'' کا اصول کس نے وضع کیا؟

(۷) کلام میں وہ زائد الفاظ یا عبارت جو کلام کی زینت یا حسن کا باعث ہو۔ علمِ معنی میں اسے کیا کہتے ہیں؟

(۸) ''اسلام میں اگر بُت پرستی جائز ہوتی تو میں سر سید کا بُت بنا کر اس کی پوجا کرتا۔'' یہ کس نے کہا ہے؟

(۹) ''مشرق و مغرب کے نغمے'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۱۰) ''جدیدیت وقت کی طرح فعال، ارتقاء پذیر اور متحرک ہے۔'' کس نے کہا؟

(۱۱) ''حلقہ اربابِ ذوق'' کی ابتداء کی بنیاد کیسے ہوئی تھی؟

(۱۲) ناسخ نے فصاحت کے کتنے معیار متعین کئے ہیں؟ کون کون سے؟

(۱۳) اردو کے کس شاعر کو ریختہ کا ''نقاشِ اوّل'' کہا گیا ہے؟

(۱۴) ترقی پسند ادیبوں کی تیسری کل ہند کانفرنس کب اور کہاں منعقد کی گئی؟

(۱۵) مجتبیٰ حسین نے ادبی تحریک کی کیا تعریف پیش کی ہے؟

(۱۶) کسی فرد کی ذات میں مسرت اور محبت کے جذبات کے پیدا ہونے کو مغربی ادیب ''گرین'' نے کس نام سے تعبیر کیا ہے؟

Seat No. : _______________

# SC-129

**September-2020**

**M.A., Sem.-IV**

**Urdu Elective – 509-EA : Urdu Qasida**

**(Old Course)**

**Time : 2 Hours]** **[Max. Marks : 50**

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اوّل میں کل آٹھ سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصہ دوّم میں کل سولہ (۱۶) معروضی سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

**(حصہ اوّل)**

سوال : ۱ قصیدہ کیا ہے؟ اس کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۲ اردو قصیدے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۳ اردو ادب میں قصیدہ نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۴ مرزا رفیع سوداؔ کے دَور کے سیاسی، سماجی اور ادبی حالات پر روشنی ڈالئے۔

سوال: ۵ مرزا رفیع سوداؔ کی قصیدہ نگاری کی خصوصیات پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۶ محسن کاکوری کی قصیدہ نگاری پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۷ مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) قصیدے کے زوال کے اسباب

(۲) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کی قصیدہ نگاری

سوال: ۸ مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) مرزا غالب کی قصیدہ نگاری

(۲) مرزا رفیع سوداؔ کی ہجو گوئی

(حصہ دوّم)

سوال : ۹ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) ''مدح'' کی ضد کیا ہے؟

(۲) ممدوح سے کیا مُراد ہے؟

(۳) فارسی قصیدہ ''تحفتہ النصائح'' کے خالق کون ہیں؟

(۴) سوداؔ کو اُردو قصیدہ کا ''نقاشِ اوّل'' کس شاعر نے کہا ہے؟

(۵) قصیدے کا مشکل ترین جزو کسے مانا جاتا ہے؟

(۶) ''گریز'' کو عربی میں کس نام سے موسوم کیا گیا ہے؟

(۷) قصیدے میں مقطع کے شعر کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(۸) سوداؔ نے سب سے پہلے کس کی شاگردی اختیار کی؟

(۹) ابن رشیق نے کس چیز کو قصیدہ کے معائب میں شمار کیا ہے؟

(۱۰) ولیؔ نے احمد آباد کے کس صوفی بزرگ کی مدح میں قصیدہ لکھا ہے؟

(۱۱) سوداؔ کے اجداد کا تعلق کہاں سے ہے؟

(۱۲) ''تشبیب'' کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(۱۳) ''اُردو میں قصیدہ نگاری'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۱۴) کس نواب نے سوداؔ کی بہت قدر و منزلت کی؟

(۱۵) اُردو کے کس شاعر نے اپنے قصائد میں اُمراء اور روٴساء کی مدح سرائی سے احتراز کیا؟

(۱۶) ''اُردو قصیدے کا سماجیاتی مطالعہ'' کس ادیب کی تصنیف ہے؟

Seat No. : _______________

# SC-129

**September-2020**

## M.A., Sem.-IV

## Urdu Elective – 509-EB : Urdu Terkib Band

## (Old Course)

**Time : 2 Hours]** **[Max. Marks : 50**

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصۂ اوّل میں کل آٹھ سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصۂ دوّم میں کل سولہ (١٦) معروضی سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

### (حصۂ اوّل)

سوال : ١ ترکیب بند کی تعریف بیان کرتے ہوئے اردو کے اہم ترکیب بند شعراء سے متعارف کیجئے۔ ١۴

سوال : ٢ ’’نظیرؔ کی ترکیب بند نظموں میں پیغامِ انسانیت‘‘ اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ١۴

سوال : ٣ علامہ اقبالؔ کی مشہور و معروف نظم ’’شکوہ‘‘ پر بحث کیجئے۔ ١۴

سوال : ۴ ’’علامہ اقبالؔ کی ترکیب بند نظموں میں فلاحِ قول کا پیغام‘‘ مدلل بحث کیجئے۔ ١۴

سوال : ۵ الطاف حسین حالیؔ کے سوانحی کوائف سپردِ قلم کیجئے۔ ١۴

سوال : ٦ مولانا الطاف حسین حالیؔ کی ’’مناجاتِ بیوہ‘‘ کا تجزیہ کیجئے۔ ١۴

سوال: ٧ مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ١۴

(١) مرثیۂ غالب

(٢) حالیؔ کی تعلیم نسواں پر مبنی ترکیب بند نظمیں

ال: ٨ مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ١۴

(١) شعر میں وزن کی اہمیت

(٢) اردو ترکیب بند اور مسمط کا تقابلی موازنہ

## (حصۂ دوّم)

سوال : ۹ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) حالیؔ کی نظم "مدو جزر اسلام" کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(۲) "شاعر سے خطاب" کس شاعر کی نظم کا عنوان ہے؟

(۳) نظیر عمر کے آخری حصّے میں کس مرض میں مبتلا ہو گئے تھے؟

(۴) "شہر آشوب" کس نظم کو کہتے ہیں؟

(۵) "مرزا غالب" کس شاعر کی نظم کا عنوان ہے؟

(۶) ترکیب بند کے آخری شعر کو اور کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(۷) "ترکیب بند" ہیئت کے اعتبار سے اور کس صنف سے مطابقت رکھتی ہے؟

(۸) پنجاب کی لوک شاعری کی صنف کا نام کیا ہے؟

(۹) "اُردو کا سعدیٔ ہند" القاب سے کسے نوازا گیا ہے؟

(۱۰) اردو کے اساتذہ کے مطابق ترکیب بند میں اردو کی اور کن اصنافِ نظم کے اجزاء شامل ہیں؟

(۱۱) "حالی مقدمہ اور ہم" تصنیف کے خالق کون ہیں؟

(۱۲) "مسمط" کس نظم کو کہتے ہیں؟

(۱۳) "ترجیع بند" کے لغوی معنیٰ کیا ہیں؟

(۱۴) اردو غزل کو عفونت میں "سنڈاس سے بدتر" کس نے کہا ہے؟

(۱۵) ترکیب بند میں زیادہ سے زیادہ کتنے اشعار ہوتے ہیں؟

(۱۶) فارسی قصیدہ "تحفۃ النصائح" کے مصنف کون ہیں؟

---